الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name	: **Arif Ali**	Serial No	: **20281**
Address	:	Date	: **9/3/2013**
Subject	: **AQAID**	Contact No:	
Writer	: خانزادہ	Email	:

Aasalam Alaikum
mairee mumani shahi gohar group ko join kar liya hai ap ku tu shahi gohar group kai barai mai tu maloom hai who kitna shirq kartai hai . kiya mujhai un say kata taluq hu jana chaye ya nahee . kata taluq tu bhut bada gunaha hai .

میری ممانی شاہی گوہر گروپ کو جوائن کر لیا ہے آپ کو تو معلوم ہے کہ شاہی گوہر گروپ کتنا شرک کرتے ہیں کیا مجھے اُن سے قطع تعلق ہو جانا چاہیئے یا نہیں؟ قطع تعلق تو بڑا گناہ ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً

واضح ہو کہ گوہر شاہی اور اس کے پیروکار اپنے غلط اور فاسد عقائد ونظریات کی بناء پر گمراہ جماعت ہے جن کے ساتھ میل جول رکھنا اگر انہیں راہِ راست پر لانے اور ان کی غلط فہمیاں دُور کرنے کی غرض سے ہو اور آدمی میں اس کی صلاحیت بھی ہو تو اس میں حرج نہیں مگر بلا وجہ یا اُن کو حق پر سمجھتے ہوئے اِن کیساتھ مل جول رکھنا اور کسی قسم کے تعلقات قائم کرنا درست نہیں اس سے بہر حال احتراز چاہیئے قرآن وسنت میں اس قسم کے گمراہ لوگوں کے میل جول سے ممانعت آئی ہے۔

فی مرقاۃ المفاتیح: فإن هجرة أهل الأهواء والبدع واجبة على مرّ الأوقات ما لم يظهر منه التوبة والرجوع إلى الحق فإنه صلى الله عليه وسلم لما خاف على كعب بن مالك وأصحابه النفاق حين تخلفوا عن غزوة تبوك أمر بهجرانهم خمسين يوماً وقد هجر نساءه شهراً إلخ (ج ٨ ص ٧٥٩) - والله اعلم

خانزادہ عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی
۱۶ ربیع الثانی ۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۹ / ۴ / ۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ [illegible]
۱۱ ربیع الثانی ۱۴۳۵ھ

دار الافتاء ۲۰۲۸۱ ۱۶/۴/۱۴۳۵ھ

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

17/2/14